Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۵ مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۲۴ شعبان المعظم سنہ ۱۳۵۴ھ مطابق ۲۳ نومبر سنہ ۱۹۳۵ء جلد ۲۷

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیٰحضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	تفویض صیغہ "اسٹیٹ پریس" بصیغہ سکریٹری بہادر لیجسلیٹو کمیٹی (و پبلسٹی افسر)	۲
(۲)	عطائے اعزاز بتقریب سالگرہ ہمایوں، بہ ممبر صاحبان اسٹیٹ کونسل وغیرہ۔	״

حکم اسٹیٹ کونسل رامپور

۳	منظوری رخصت منشی یوسف علیخاں تحصیلدار شاہ آباد	۳

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیٰحضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

روبکار:- واقع ۱۹ نومبر ۱۹۳۵ء

صیغہ "اسٹیٹ پریس" کا انتظام سخت خراب ہے۔ لہذا بنظر مناسب حکم دیا جاتا ہے کہ یہ صیغہ صاحب سکریٹری بہادر لیجسلیٹو کمیٹی و پبلسٹی افسر کے بجائے صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر سپرد کیا جائے۔

اصل روبکار ہٰذا برائے تعمیل صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ احکام ضابطہ جاری کئے جائیں

صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر اس صیغہ کی جدید تنظیم کی اسکیم بنا کر پیش کریں۔

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

بخدمت صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر بغرض تعمیل مرسل ہے۔ بعدہٗ احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور درج گزٹ ہو

۱۹ نومبر ۱۹۳۵ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

پریس کا چارج سکریٹری صاحب بہادر لیجسلیٹو کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا برائے اجرائے احکام ضابطہ صاحب چیف منسٹر بہادر کی خدمت میں مرسل ہو۔

۲۱ نومبر ۱۹۳۵ء

دستخط صاحب سکریٹری بہادر لیجسلیٹو کمیٹی

روبکار

روبکار:- واقع ۲۰ نومبر ۱۹۳۵ء

مابدولت واقبال سالگرہ ہمایوں کی خوشی میں افسران و صاحبان ذیل کے لئے بطور اعزاز حسب ذیل حکم صادر فرماتے ہیں:-

آج سے ممبران بہادر اسٹیٹ کونسل و ججان بہادر ہائی کورٹ کے ناموں اور عہدوں سے پہلے تمام سرکاری مراسلات میں "عالیمرتبت" تحریر کیا جائے۔

صاحبزادہ سر عبدالصمد خاں بہادر۔ نائٹ۔ سی۔ آئی۔ ای (چیف منسٹر ریٹائرڈ) اور صاحبزادہ عبدالمجید خان بہادر سی۔ آئی۔ ای (ریونیو منسٹر ریٹائرڈ) چونکہ ہمارے وفادار وزراء رہ چکے ہیں۔ لہذا ان کے ناموں کے قبل بھی "عالیمرتبت" تحریر کیا جائے۔

تمام ممبران مجلس واضع قوانین کے ناموں کے بعد جملہ سرکاری مراسلات میں لفظ "بہادر" اضافہ کیا جائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

حکم اسٹیٹ کونسل۔ رامپور۔

حکم اسٹیٹ کونسل۔ واقع $\frac{۱۴}{۱۹}$ نومبر ۱۹۳۵ء

حسب تحریر صاحب ریونیو منسٹر بہادر منشی یوسف علی خاں تحصیلدار شاہ آباد کی تین ماہ کی رخصت رعایتی یکم دسمبر ۱۹۳۵ء سے منظور کیجاتی ہے

اکونٹنٹ آفس کی تصدیق بابت استحقاق رخصت شامل ہے

انتظام کام کے متعلق صاحب ریونیو منسٹر بہادر آغاز رخصت سے قبل تجویز ارسال فرمائیں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل داخل گزٹ ہو۔

اصل کاغذات جداجرائے احکام اسٹیٹ کونسل میں پیش ہوں

دستخط صاحب نائب سکرٹری